ڈور میں گنجل

جب ڈور میں گنجل پڑ جائیں
کھلتے نہیں زور لگانے سے

جب مشکل گھر پر آن پڑے
ٹلتی نہیں شور مچانے سے

جب ٹائر ریت میں دھنس جائے
دو ریس تو اور بھی دھنستا ہے

یہ بات کہی اِک کچھوے نے
جو تیز چلے وہ تھکتا ہے

ہم راز سمجھنے سے قاصر
بِن کام نہ بیڑے پار ہوئے

اغیار کی محنت کے بل پر
دیکھو بنجر گلزار ہوئے

Faqeer Sein

سب دنیا ہم پر ہنستی ہے
درکار ہمیں اب ہوش بہت

کچھ کچھوے جیسی چال کریں
بن دیکھا ہے خرگوش بہت

اب گاڑی ریت میں الجھی ہے
ٹائر سے خارج پھونک کریں

کچھ صبر بھی حل ہے مشکل کا
کیوں کندھے پر بندوق کریں

یہ بلھے شاہ کا متوالا
اِک بات کہے اور ہَولے سے

بس نرمی ہے درکار ہمیں
ہر گانٹھ کھلے گی کھولے سے

معلوم نہیں کب مَر جائیں
پر سائیں بات تو کر جائیں

Faqeer Sein